تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا

اَلْعَطَایَا النَّبَوِیَّہ فِی الْفَتَاوٰی الرَّضَوِیَّہ

فتاوٰی رضویہ

جلد 6

مع تخریج و ترجمہ عربی عبارات

تصنیف لطیف: اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمہ

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

الولد للفراش وللعاھر الحجر[1]۔	صاحبِ نکاح کیلئے ولد (نسب) اور زانی کے لئے پتھر ہے (ت)

اور اگر عورت بے شوہر تھی اور اس نے عقیقہ کیا تو ازانجا کہ اس سے نسب قطعاً ثابت ہے اور نسب فی نفسہٖ نعمت ہے جعلہ نسبا وصھرا[2] (اللہ تعالٰی نے آدمی کے رشتے اور سسرال بنائے) اگرچہ جہتِ سبب سے یہ صورت سخت بلا ہے، اس عقیقہ کی تحریم یا اس کے کھانے کی حرمت ظاہر نہیں ہوتی خصوصاً جبکہ علما نے تصریح فرمائی ہے کہ شراب پینے پر بسم اللہ کہے تو کافر، اور پی کر الحمدللہ کہے تو نہیں کہ شراب اگرچہ سخت بلا ہے مگر اس کا حلق سے اُتر جانا اور اسی وقت گلے میں پھنس کر دم نہ نکال دینا' اس شدید عصیان کی حالت میں رب عزوجل کی نعمت ہے ۔ فصول عمادی و فتاوٰی ہندیہ میں ہے :

من اکل طعاما حراما وقال عند الاکل بسم اللہ حکم الامام المعروف بمشتملی (ھندیۃ) انہ یکفر ولوقال عند الفراغ الحمد للہ قال بعض المتاخرین لایکفر[3]۔	جس نے حرام کھایا اور کھانے کے وقت "بسم اللہ" پڑھی امام معروف مشتملی (ہندیہ) نے کہا کہ وہ کافر ہے اور فراغت کے بعد اگر "الحمدللہ" کہا تو بعض متاخرین نے کہا کہ اس سے وہ کافر نہیں ہوگا ۔ (ت)

البتہ اگر زانی نے عقیقہ کیا تو وجہ نعمت اصلاً منتفی ہے پھر بھی زنا پر شکر اس سے مفہوم نہیں ہوتا بلکہ بہت جُہّال یہ جانتے بھی نہیں کہ عقیقہ سے شکر مقصود ہے ایک رسم سمجھ کر کرتے ہیں اس صورت میں اُس میں شرکت اور اُس کا کھانا ضرور معیوب و شنیع تھا ۔ امامت پر لعنت تو صریح کفر ہے مگر اُس سے یہ مقصود ہو سکتا ہے کہ اگر یہ شخص امامت کرے تو اس شخص پر لعنت ہے یہ کیا تھوڑا ناپاک لفظ ہے ، زید کی امامت نامناسب، خصوصاً اگر صدیق حسن خاں کے مذہب پر ہو کہ ان حالات میں ضرور بددین ہے اور اسے امام بنانا حرام ۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۷۲۲: زید کچہری میں جاکر مقدمہ وائر کرتا ہے اور اُس کی کوشش اور پیروی میں مصروف رہتا ہے اُس کے لڑکے کی منکوحہ بیوی یتیم ہے اور کوئی دُوسرا ذریعہ معاش کا بھی نہیں ہے ایک اور اس کا لڑکا باہم کھاتے پیتے ہیں اور لڑکے کی منکوحہ بیوی کو اپنے یہاں بلاتے نہیں جس کی وجہ سے وہ سخت تکلیف میں ہے ، زید نے لڑکے کا نکاحِ ثانی بھی کرلیا آیا اُس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں ؟ اس کے واسطے شرع شریف میں کیا حکم ہے ؟

---

[1] صحیح مسلم　باب الولد للفراش　مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی　۴۷۰/۱

[2] القرآن　۵۴/۲۵

[3] فتاوٰی ہندیہ　الباب التاسع فی احکام المرتدین　مطبوعہ نورانی کتب خانہ پشاور　۲۷۳/۲